سنتوں کی قضا ہے یا نہیں؟

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2771

تاریخ اجراء: 27 ذیقعدۃ الحرام 1445 ھ/05 جون 2024 ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر ظہر کی نماز رہ جائے اور بعد میں قضا پڑھنی ہو تو چار رکعت پڑھنا ہوں گی یا بارہ رکعت؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر نماز رہ جائے تو بعد میں اس کی قضا کرتے وقت صرف فرض وواجب کی قضا کی جائے گی سنن ونوافل کی نہیں، البتہ فجر کی قضا اگر اسی دن وقت زوال سے پہلے پڑھی تو ساتھ فجر کی سنتوں کی قضا بھی کی جائے گی ورنہ صرف فرضوں کی قضا ہوگی۔ اور اگر کسی کی عشاء کی نماز رہ گئی تو اس صورت میں فرائض کے ساتھ ساتھ وتر کی قضا بھی لازم ہوگی۔ نیز اگر نماز بلا عذر شرعی، جان بوجھ کر چھوڑی تو اس گناہ سے توبہ کرنا بھی لازم ہوگی۔ اس تفصیل کے مطابق ظہر کی نماز اگر قضا ہوگئی تو توبہ کے ساتھ ساتھ صرف چار رکعات فرض کی قضا کرنا ہوگی، بقیہ سنن ونوافل کی قضا نہیں۔

بحر الرائق میں ہے "ولم تقض إلا تبعا قبل الزوال۔۔۔ وقید بسنة الفجر لأن سائر السنن لا تقضى بعد الوقت لا تبعا ولا مقصودا" ترجمہ: فجر کی سنتوں کی قضا نہیں پڑھی جائے گی، ہاں فرض بھی قضا ہوگئے ہوں تو زوال سے پہلے پہلے فرضوں کے ساتھ ساتھ سنتوں کی قضا بھی پڑھی جائے گی، اور مصنف نے فجر کی سنتوں کی قید لگائی کیونکہ بقیہ ساری سنتوں کی وقت گزر جانے کے بعد نہ تو تبعاً قضا ہے یا مقصودی طور پر۔ (بحر الرائق، کتاب الصلاۃ، ج 2، ص 80، دار الکتاب الإسلامي)

بہار شریعت میں ہے "فجر کی نماز قضا ہوگئی اور زوال سے پہلے پڑھ لی تو سنتیں بھی پڑھے ورنہ نہیں علاوہ فجر کے اور سنتیں قضا ہوگئیں تو ان کی قضا نہیں۔" (بہار شریعت، ج 1، حصہ 4، ص 664، مکتبۃ المدینہ)

فتاوی ہندیہ میں ہے "ویجب القضاء بترکه ناسیا أو عامدا وإن طالت المدة ولا یجوز بدون نیة الوتر. کذا في الکفایة" وتر بھول سے چھوٹ گئے ہوں یا جان بوجھ کر چھوڑے ہوں بہر صورت ان کی قضا واجب ہے

اگرچہ کتنی ہی مدت گزر جائے اور وتر کی قضا، وتر کی نیت کے بغیر جائز نہیں جیسا کہ کفایہ میں ہے۔(فتاوی ھندیۃ، کتاب الصلاۃ، ج1، ص111، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "وتر واجب ہے اگر سہواً یا قصداً نہ پڑھا تو قضا واجب ہے۔"(بہار شریعت، ج1، حصہ4، ص653، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net